مائیگرنٹ ریسورس سنٹر

MIGRANT RESOURCE CENTRE

# ڈنمارک

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by

ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## پاکستان میں سفارت خانہ

رائل ڈینش ایمبیسی اسلام آباد، پاکستان میں واقع ہے۔اعزازی "قونصلیت جنرل آف ڈنمارک" کراچی میں ہے۔

پاکستانی شہریوں کو ڈنمارک اور دیگر Schengen ریاستوں میں داخل ہونے کے لیے ویزے کی ضرورت ہے۔ پاکستان سے روانہ ہونے سے قبل ویزا لینالازمی ہے۔ یہ اصول افغان شہریوں پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ جو پاکستانی شہری ڈپلومیٹک اور سرکاری پاسپورٹس پر ڈنمارک جانا چاہتے ہوں وہ اِس سے مستثنٰی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے آپ سفارت خانے کی ویب سائیٹ (http://pakistan.um.dk/) دیکھ سکتے ہیں۔ یہاں آپ کو ویزا پرمٹ، رہائشی پرمٹ کے لیے ضروری باتوں، درخواست کے طریقہ کار، فیس اور سفارت خانے کے اوقات کے متعلق معلومات مل سکیں گی۔ براہِ مہربانی یادرکھیں کہ اسلام آباد میں سفارت خانہ صرف آئس لینڈ، گرین لینڈ اور Faroe جزائر کے لیے درخواستیں نمٹاتا ہے۔

## اوقات برائے رابطہ

سفارت خانہ سوموار تا جمعرات صبح 8:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک اور جمعہ کو صبح 8:00 سے 1:00 بجے دوپہر تک کھلا رہتا ہے۔ افغانی بولنے والے درخواست گزار ہر جمعرات کو دوپہر 2:00 اور 3:30 بجے کے درمیان کال کرکے پوچھ سکتے ہیں۔

ویزا سیکشن میں جانے کے لیے صرف isbambvisa@um.dk پر ای میل کرکے اپوائنٹمنٹ لی جاسکتی یا پھر سفارت خانے کو isbambvisa@um.dk پر ای میل کی جاسکتی ہے۔ فون کرنے کے اوقات: کراچی میں ڈنمارک کے قونصلیٹ جنرل سے بات کرنے کے لیے: سوموار تا جمعہ صبح 9:00 بجے سے دوپہر 13:00 بجے تک۔

سفارت خانہ تمام درخواست گزاروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ ایجنٹوں سے رابطہ نہ کریں۔ اگر درخواست گزار کسی ایجنٹ کے متعلق جانتے ہوں تو سفارت خانے کو اطلاع کریں۔

## ویزا پروسیسنگ کا دورانیہ

پروسیسنگ کا وقت مختلف ہے اور سفر پر جانے سے کافی پہلے درخواستیں جمع کروانا بہتر ہے۔ براہ مہربانی نوٹ کرلیں کہ سفارت خانے اور ڈینش امیگریشن سروس کی طرف سے پروسیسنگ کا وقت تبھی شروع ہوتا ہے جب مکمل پُر کی ہوئی درخواست قبول کرلی جائے۔

**نوٹ:** گروپ 5 میں شامل ملک کے شہری کی حیثیت سے پاکستانیوں پر متعدد پابندیاں عائد ہوتی ہیں اور آپ ویزوں کے اہل تبھی ہوتی ہے جب حالات نہایت سنگین نوعیت کے ہوں، جیسے ڈنمارک میں رہنے والے کسی اہلِ خانہ کی موت یا جان لیوا بیماری۔

مخصوص مثالوں میں ویزا تبھی دیا جاسکتا ہے جب آپ گروپ 5 کے رکن ملک کے شہری کے طور پر ڈنمارک میں شوہر/ بیوی یا پارٹنر سے ملنے کے خواہش مند ہوں اور پہلے بھی اُس فرد سے ملنے کی درخواست دی ہو اور اِس بنیاد پر مسترد کردی گئی ہو کہ آپ کبھی ڈنمارک نہیں گئے (ملاقات سے متعلقہ تقاضا)۔ فیملی کے پاس جانے کا اہل بننے کے لیے تمام دیگر تقاضے پورے کرنے ہوں گے۔

## ویزا کی اقسام

پاکستانی شہریوں کو ڈنمارک میں رہنے اور کام کرنے کے لیے ایک رہائشی اور ورک پرمٹ لینے کی ضرورت ہے۔ یہی اصول افغان شہریوں پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ ڈینش امیگریشن سروس نے مخصوص تقاضوں کا خاکہ فراہم کیا ہے۔

اعلیٰ مہارتوں کے حامل پروفیشنل حضرات – مخصوص حالات میں –ڈنمارک میں ورک پرمٹ کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔

ڈنمارک میں کام کرنے کے خواہش مند درخواست گزار کو ایک رہائشی اور ورک پرمٹ کے لیے اپلائی کرنا ہو گا۔ اگر آپ بلا معاوضہ کام کرنا یا ضمنی ملازمت ڈھونڈنا چاہتے ہیں تو تب بھی ورک پرمٹ کی درخواست دینا پڑے گی۔ مندرجہ ذیل لنک کلک کریں:
https://www.nyidanmark.dk/en-GB/You-want-to-apply/Work

## 1.1 ورک پرمٹ، فاسٹ ٹریک سکیم

فاسٹ ٹریک سکیم کی بدولت تصدیق شدہ کمپنیوں کے لیے خصوصی مہارت والے ملازمین کو بھرتی کر کے ڈنمارک میں کام کروانا تیز اور آسان ہو گیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ فرد ایک اعلیٰ صلاحیت کے حامل ملازم کے طور پر تصدیق شدہ کمپنی میں فوری نوکری شروع کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ سکیم آپ کو اجازت دیتی ہے کہ ڈنمارک میں اور بیرون ملک باری باری کام کر سکیں۔

### اہلیت

منظور شدہ کاروبار کی جانب سے نامزد کردہ آسامی کے لیے آپ کے پاس مہارتیں ہونی چاہئیں۔ ضروری ہے کہ آجر (ایمپلائر) ڈینش ایجنسی برائے انٹرنیشنل ریکروٹمنٹ اینڈ انٹیگریشن (SIRI) سے تصدیق یافتہ ہو۔ تصدیق یافتہ ایمپلائرز کی فہرست نیچے دیے گئے لنک میں موجود ہے:
https://www.nyidanmark.dk/en-GB/Words-and-concepts/SIRI/Certified-companies/?anchor=A7B9394A9C0E45639B8FFF29A686D959&callbackItem=B9144367D2334F96846AFDE18478DEEC&callbackAnchor=45858563538B41608C9872058AD4A87D

ہر ایک پیشے کے لیے تعلیمی تقاضے پیشوں کی آفیشل درجہ بندی کے اندر منسلک کوڈ کے ساتھ دیے گئے ہیں – DISCO-08۔ آپ Statistics Denmark کی ویب سائیٹ پر DISCO-08 کے متعلق مزید پڑھ سکتے ہیں۔
(https://www.dst.dk/da/Statistik/dokumentation/nomenklaturer/disco-08)

اور منسٹری آف ہائر ایجوکیشن کی ویب سائیٹ بھی، جس کا لنک نیچے دیا گیا ہے:
https://ufm.dk/en/education/recognition-and-transparency/regulated-professions/list-of-regulated-professions

### کیسے اپلائی کرنا ہے؟

تصدیق (سرٹیفکیشن) کے لیے ایک درخواست ڈینش ایجنسی برائے انٹرنیشنل ریکروٹمنٹ اینڈ انٹیگریشن (SIRI) کو دی جاری ہے۔ اپنی درخواست جمع کروانے سے پہلے آپ کو اپنی درخواست کے لیے ایک کیس آرڈر آئی ڈی بنانا ہو گا تا کہ SIRI کے کیس پروسیسنگ اخراجات ادا کیے جا سکیں۔ آپ یہ کام ویب سائیٹ کے "How to apply" حصے میں کر سکتے ہیں۔ وہاں آپ کو متعلقہ درخواست فارم FT1 بھی ملے گا۔ درخواست فارم ایک آن لائن فارم ہے۔

اگر درخواست جمع کروادی گئی ہے اور درکواست گزار قانونی حیثیت میں ڈنمارک میں مقیم ہے، کیونکہ اُس کے پاس

- ایک کارآمد ویزا ہے
- اُسے ویزے کی استثنیٰ حاصل ہے یا

- اُس کے پاس پہلے سے ایک کارآمد رہائشی پرمٹ موجود ہے

درخواست گزار SIRI کے سٹیزن سنٹر میں جاکر عارضی پرمٹ کا کہہ سکتا ہے تاکہ فوری طور پر کام کرنا شروع کر سکے۔ آپ کو درخواست جمع کروانے کے بعد ایمپلائر کو وصول ہونے والی رسید میں ایک لنک کے ذریعے یا SIRI میں ایمپلائر کے نمائندے سے رابطہ کر کے اپوائنٹمنٹ لینا ہوگی۔ newtodenmark.dk پر اِس میٹنگ کے لیے اپوائنٹمنٹ لینا ممکن نہیں۔

### قیام کا دورانیہ

ایک تا چار سال – اِس کا انحصار آپ کے بتائے ہوئے پیشے، ویزا سٹریم اور آپ کے حالات پر ہے۔ اگر آپ کو چار سال سے کم مدت کے لیے ملازمت پر رکھا گیا ہے تو آپ کا ریذیڈنس اور ورک پرمٹ عموماً ملازمت کے عرصے تک کارآمد رہے گا۔ اگر آپ اُس مدت کے بعد میں ڈنمارک میں کام جاری رکھنا چاہتے ہیں تو اپنے رہائشی اور ورک پرمٹ کی توسیع کے لیے اپلائی کرنا ہو گا۔ اس کے علاوہ آپ کو ملازمت کی تلاش کے لیے خود بخود 6 ماہ کا پرمٹ دے دیا جائے گا تاکہ آپ ڈنمارک میں نئی ملازمت تلاش کر سکیں۔

### آپ کیا کر سکتے ہیں

یہ ویزا آپ کو اجازت دیتا ہے کہ ڈنمارک میں کام کرتے ہوئے دیگر Schengen ریاستوں کا سفر کریں اور اپنے اہلِ خانہ کو بھی لائیں۔

### ویزا فیس اور پروسیسنگ کا دورانیہ

فیس DKK 3,280 ہے اور پروسیسنگ میں ایک ماہ لگتا ہے

## 1.2 مختصر مدت کا ویزا

ڈنمارک کے لیے مختصر المدت ویزا کے تحت مختلف قسم کے مختصر ویزے دیے جاتے ہیں۔ اگر آپ مختصر عرصے کے لیے ڈنمارک آنا چاہتے ہیں تو عموماً ویزا آپ کو تمام Schengen خطے میں 90 دن تک قیام کرنے کا حق دیتا ہے۔ اگر آپ زیادہ لمبے عرصے کے لیے ڈنمارک میں رہنا چاہتے ہیں تو ریذیڈنس پرمٹ کے لیے اپلائی کرنا پڑے گا۔

### اہلیت

عموماً آپ کو ویزا تبھی مل سکتا ہے جب حکام جانچ پڑتال کر لیں کہ آپ اپنے ویزے کی مدت ختم ہونے سے پہلے یقیناً واپس وطن چلے جائیں گے اور اپنے ویزے کی شرائط پر بھی عمل کریں گے۔ اِس کا اطلاق ہونے میں اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ ویزا کے متقاضی کس ملک سے آئے ہیں۔ تاہم، اگر حکام کے خیال میں شبہ ہو کہ کیا ویزے کی مدت ختم ہونے سے قبل آپ واپس وطن جائیں گے یا Schengen ملکوں کو چھوڑ دیں گے یا نہیں، یا اپنے ویزے کی شرائط پوری کریں گے یا نہیں تو وہ آپ کے کیس پر مزید جانچ پڑتال کریں گے۔ پھر جب حکام آپ کو ویزا مل سکنے یا نہ مل سکنے کا فیصلہ کر لیں تو حکام غور کریں گے کہ ویزے کی ضرورت والے ممالک کے پانچ مرکزی گروپس میں سے آپ کا تعلق کس کے ساتھ ہے۔

## کیسے اپلائی کرنا ہے؟

درخواست Gerry's ویزا سروس کے ذریعے دینا ہو گی اور اُس کے ساتھ نا قابل واپسی ویزا فیس بھی۔ Schengen کے لیے مختصر مدت کا ویزا اپلائی کرنے والے شخص کو درخواست فارم کے ساتھ کم از کم مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کروانی ہوں گی۔ (الیکٹرانک طریقے سے ٹائپ کی ہوئی یا ہاتھ سے لکھی ہوئی درخواست / فارم جس میں ترجیحاً بڑے حروف استعمال کیے جائیں)۔

کارآمد قومی پاسپورٹ یا دیگر کارآمد سفری شناختی دستاویزات۔

ایک پاسپورٹ فوٹو۔ یہ فوٹو 35 mm x 45 mm سائز کی ہونی چاہیے (سر کا سائز 30-36mm، ٹھوڑی کے نچلے حصے سے لے کر سر کے بالائی حصے تک)۔ تصویر میں چہرہ عین کیمرے کی طرف ہو۔

ایک پوری طرح پُر کیا ہوا دعوتی (invitation) فارم مع دعوتی شناخت نمبر یا ڈنمارک میں آپ کے ریفرنس کی جانب سے اصل دستخط شدہ دعوت نامہ۔ یہ بھی بتائیں کہ آپ کس کس سے ملیں گے، نام اور پتہ، ملنے کا مقصد اور ڈنمارک میں اپنے ریفرنس کے ساتھ تعلق کی نوعیت۔

مزید معلومات اور فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے نیچے دیے گئے لنک کو کلک کریں:

http://pakistan.um.dk/en/travel-and-residence/Going-to-Denmark/visa-for-short-stays/

## قیام کا دورانیہ

صرف 90 دن تک۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں

آپ ڈنمارک اور Schengen ریاستوں میں سفر کر سکتے ہیں۔

## ویزا فیس اور پروسیسنگ کا دورانیہ

درخواستوں کے ساتھ Gerry's ویزا سروس سنٹر میں نا قابل واپسی ویزا فیس دینا ہو گی جو DKK 445 (7500 روپے) ہے۔

# 1.3 Faroe جزائر، گرین لینڈ اور آئس لینڈ کے لیے ویزا

اسلام آباد میں ڈنمارک کا سفارت خانہ Faroe جزائر، گرین لینڈ اور آئس لینڈ کے ایما پر ویزا کی درخواستیں بھی نمٹاتا ہے۔

Faroe جزائر، گرین لینڈ اور آئس لینڈ کے مختصر مدت کے وزیٹر ویزوں کے لیے تمام درخواتیں ذاتی طور پر Gerry's ویزا سروس سنٹر میں جمع کروانا ہوں گی۔

آئس لینڈ کے ویزا پرمٹوں کے متعلق جاننے کے لیے Icelandic Directorate of Immigration کی آفیشل ویب سائیٹ وزٹ کریں۔ لنک نیچے دیا گیا ہے؟

http://pakistan.um.dk/en/travel-and-residence/Going-to-Denmark/visa-for-short-stays/application-fees/

پروسیسنگ کا دورانیہ 15 دن اور فیس 7500 روپے ہے۔

## 1.4 گرین کارڈ سکیم

10جون2016ء سے گرین کارڈ کی درخواستیں وصول نہیں کی جارہیں۔
نوٹ:10جون2016ء سے پہلے گرین کارڈ سکیم کے تحت رہائشی پرمٹ کے لیے جمع کی گئی درخواستوں کو معمول کے مطابق نمٹایا جائے گا۔
فالو اپ کے لیے مندرجہ ذیل لنک کو کلک کریں:
https://www.nyidanmark.dk/en-us/coming_to_dk/work/greencard-scheme/greencard-scheme.htm

## 1.5 ڈنمارک میں سٹڈی

ایک غیر ملکی شہری کے طور پر آپ کو ڈنمارک میں سٹڈی کے لیے رہائشی پرمٹ دیا جاسکتا ہے۔ڈینش امیگریشن سروس اِس قسم کا پرمٹ حاصل کرنے کے تقاضوں کی فہرست دیتی ہے۔ لنک: http://pakistan.um.dk/en/travel-and-residence/Going-to-Denmark/residence-permits/study-permit/

### اہلیت

اگر آپ کو ڈنمارک میں کسی اعلیٰ تعلیمی پروگرام میں داخلہ دیا گیا ہے تو آپ کو ڈنمارک میں رہنے اور سٹڈی کرنے کا پرمٹ جاری کیا جاسکتا ہے۔ آپ ایک بھرپور تعلیمی پروگرام یا پھر مہمان یا تبادلے کے طالب علم کے طور پر اپنی تعلیم کا ایک حصہ مکمل کرسکتے ہیں۔ آپ کو کسی اعلیٰ سطحی تعلیمی پروگرام کی تیاری کا کورس مکمل کرنے کے لیے بھی رہائشی پرمٹ جاری کیا جاسکتا ہے۔ تعلیمی ادارہ منظور شدہ ہونا چاہیے۔
تعلیمی پروگرام ریاستی اتھارٹی یا ڈینش Evaluation انسٹی ٹیوٹ (EVA) کی جانب سے منظور شدہ ہونا چاہیے۔ ایسے تعلیمی پروگرام کو اعلیٰ سطح تعلیمی پروگرام مانا جاتا ہے جس میں داخلے کے لیے ہائی سکول پروگرام مکمل کرنا ضروری ہو۔ تاہم، اِس کا اطلاق ایسے پروگراموں پر نہیں ہوتا جن میں داخلے کی بنیاد ایک اینٹرنس امتحان ہے۔ تعلیمی پروگرام کا فل ٹائم سٹڈی ہونا لازمی ہے۔

### اپلائی کیسے کیا جائے؟

اگر آپ نے آن لائن اپلائی کیا ہے تو آپ کی درخواست جمع ہو چکی ہے۔ درخواست ڈینش ڈپلومیٹک مشن کو یا اپنی رہائشی ملک میں اپیلی کیشن سنٹر میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔ اگر آپ آن لائن اپلائی کا ST1 فارم آن لائن منتخب کرنا ہوگا۔
آن لائن ST1 فارم میں آپ کے تعلیمی ادارے کو فارم کے پہلے دو حصوں میں سے ایک پُر کرنا ہوگا۔ جب آپ کا تعلیمی ادارہ اپنی طرف سے پُر کردے تو ایک ریفرنس نمبر اور پاس ورڈ ظاہر ہوگا جو تعلیمی ادارہ آپ کو بتائے گا۔ تب آپ آن لائن اپیلی کیشن اوپن کرنے اور اپنے سے متعلقہ حصہ پُر کرنے کے قابل ہوں گے۔
تسلی کرلیں کہ تمام ڈاکومنٹس ڈیجیٹل صورت میں آپ کے پاس موجود ہوں تاکہ اپیلی کیشن فارم پُر کرتے وقت اُنھیں منسلک کرسکیں۔
لنک یہ ہے: https://www.nyidanmark.dk/en-GB/You-want-to-apply/Study

### قیام کا دورانیہ

آپ کے تعلیمی پروگرام کی بنیاد پر 3 ماہ سے لے کر 4 سال تک۔

### آپ کیا کر سکتے ہیں

ڈنمارک میں سٹڈیز کی بنیاد پر رہائشی اور ورک پر مٹ آپ کے اہلِ خانہ کو بھی ساتھ ڈنمارک آنے کی اجازت دیتا ہے۔ آپ کے شوہر / بیوی، رجسٹرڈ یا ساتھ رہنے والے پارٹنر کے علاوہ گھر میں رہنے والے 18 سال سے کم عمر کے بچوں کو بھی پر مٹ دیا جا سکتا ہے۔

### ویزا فیس

Gerry's سروس چارجز کے علاوہ 25500 روپے نقد ادا کرنا ہوں گے۔ پروسیسنگ کا دورانیہ 2 ماہ ہے۔

## 1.6 Au-Pair (معاون) پرمٹ

Au-Pair کی اصطلاح سے مراد ہے "مساوی بنیادوں پر۔" Au-Pair قیام کا تصور یہ ہے کہ نوجوان شخص ایسے میزبان گھرانے کے ساتھ قیام کرے جس میں 18 سال سے کم عمر کے بچے ہوں وہ وہ کنبے کے دیگر ارکان کے "مساوی" حیثیت رکھتا ہو۔ Au-Pair کا مقصد یہ ہے کہ نوجوان ڈنمارک کے ساتھ زیادہ واقفیت پیدا کرنے کے ذریعے اپنے ثقافتی افق کو وسیع کرے اور زبان اور / یا پروفیشنل مہارتوں کو بھی بہتر بنائے۔ بدلے میں Au-Pair میزبان کنبے کے گھریلو کام کاج میں ہاتھ بٹاتا ہے (مثلاً صفائی کرنا، کپڑے دھونا، کھانا پکانا، بچوں کا خیال رکھنا)۔ یہ کام روزانہ زیادہ سے زیادہ پانچ گھنٹے اور ہفتے میں چھ دن کیے جاتے ہیں۔

### اہلیت

آپ اور آپ کے میزبان کنبے کے درمیان معاہدہ ایک au pair معاہدے کا پابند ہوتا ہے جو کنبے کے ساتھ au pair کے طور پر آپ کے قیام کا ضابطہ کار طے کرتا ہے۔ جب آپ درخواست دیتے ہیں تو بطور au pair ریذیڈنس پر مٹ حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل تقاضے پورے کرنا لازمی ہے:

- آپ کو کم از کم 18 سال کا ہونا چاہیے، لیکن 30 سال تک عمر نہ ہو۔
- آپ نے اپنا کنبہ شروع نہ کیا ہو۔
- آپ شادی شدہ نہ ہوں یا نہ رہ چکے ہوں، مستحکم انداز میں مل جل کر رہتے ہوں یا ایک سول پارٹنر شپ میں ہوں یا رہ چکے ہوں۔
- آپ کی اولاد نہ ہو۔
- آپ امید سے نہ ہوں، جب تک کہ ایک au pair کے طور پر پہلے سے ڈنمارک میں مقیم نہ ہوں اور اپنے میزبان کنبے کو تبدیل کرنا چاہتے ہوں۔

### اپلائی کیسے کیا جائے؟

آپ کو کسی ڈینش کنبے کے ساتھ رابطہ کر کے طے کرنا ہو گا کہ آپ اُن کے ساتھ بطور au pair رہنا چاہتے / چاہتی ہیں۔ نیز، بطور au pair پرمٹ حاصل کر سکنے سے قبل آپ کو متعدد شرائط پوری کرنی ہوتی ہیں۔ جب SIRI جانچ پڑتال کرتا ہے کہ کیا آپ اپنی زندگی کی کہانی کے مطابق بطور au pair رہ سکتے ہیں یا نہیں، یا کیا اِس خیال کی کوئی وجہ موجود ہے یا نہیں کہ آپ کا اپلائی کرنے کا مقصد سکیم کی آڑ میں کچھ اور ہے۔ تب SIRI مندرجہ ذیل پہلوؤں پر غور کرے گا:

- کیا آپ نے ڈینش کے 9th گریڈ کے مساوی ایک یوتھ سٹڈی پروگرام مکمل کیا ہے یا نہیں۔

- کیا آپ اپنے میزبان کنبے کے ساتھ بات چیت کرنے اور ڈنمارک میں اپنا خیال رکھنے کے قابل ہیں۔ چنانچہ آپ میں معتدل حد تک ڈینش، سویڈش، نارویجین، انگلش یا جرمن زبان بولنے اور سمجھنے کی اہلیت ہونی چاہیے۔
- آپ نے کس وجہ سے ڈنمارک میں بطور au pair قیام کی درخواست دی ہے۔
- ڈنمارک میں رہائشی پرمٹ کے لیے کوئی بھی سابق درخواست یا سابق رہائشی پرمٹ۔
- دیگر مغربی ممالک میں کوئی سابق بطور au pair قیام۔
- ڈنمارک میں میزبان کنبوں کے ساتھ کوئی بھی سابقہ قیام۔
- کیا آپ کا میزبان کنبے کے ساتھ کوئی رشتہ ہے، یا کیا آپ کی قومیت اور کنبے کے اراکین میں سے ایک یا زائد کی قومیت ایک ہی ہے۔
- آپ کی تعلیم یا کوئی ہنرمندی کا تجربہ، بشمول اِس امر کے کہ بطور au pair قیام آپ کی زندگی، کیریئر یا ترقی سے کوئی فطری تعلق رکھتا ہے یا نہیں۔

## قیام کا دورانیہ

اِس کا انحصار معاہدے پر ہے۔ بطور au pair آپ کو زیادہ سے زیادہ دو سال کی مدت کے لیے رہائشی پرمٹ دیا جا سکتا ہے۔ اِس کے علاوہ رہائشی پرمٹ au pair معاہدے کی مدت یا کنبے کا سب سے چھوٹا بچہ 18 سال کی عمر کو پہنچنے تک کارآمد ہے۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں

ڈنمارک میں آپ کے قیام کا مقصد ثقافتی تبادلے کی سرگرمی ہونا چاہیے۔ آپ پر لازم ہے کہ میزبان کنبے کے گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹائیں۔ بدلے میں وہ آپ کو ڈینش کنبے کی روزمرہ زندگی کے متعلق سکھائیں گے۔ آپ کے لیے ضروری ہے کہ پرمٹ ملنے سے قبل روزمرہ کاموں میں حصہ لینا شروع نہ کریں۔

رہائشی پرمٹ آپ کو معاوضے والی ملازمت کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ چنانچہ آپ کو میزبان کنبے کے گھر سے باہر کام کرنے کی اجازت نہیں –جب تک کہ آپ کسی تنظیم یا انجمن میں رضاکارانہ طور پر بلامعاوضہ کام نہ لے لیں۔

کام کا تعلق تنظیم یا انجمن کے بنیادی کاموں سے ہونا چاہیے۔ کام سے ایسے افراد کو فائدہ پہنچنا چاہیے جو آپ یا آپ کے میزبان کنبے سے تعلق نہ رکھتے ہوں۔

## ویزا فیس اور پروسیسنگ کا دورانیہ

تین ماہ مدت کے ویزا کی فیس DKK 2,755 یا تقریباً 25000 پاکستانی روپے ہے۔ مزید معلومات کے لیے نیچے دیا گیا لنک دیکھیں:
https://www.nyidanmark.dk/en-GB/You-want-to-apply/Au-pair?anchor=canyouapply

## 1.7 فیملی کے پاس واپسی (ری یونین) کا پرمٹ

اگر ڈنمارک میں آپ کے قریبی رشتے دار رہتے ہیں تو آپ فیملی کے پاس واپسی کی بنیادوں پر رہائشی پرمٹ کی درخواست دے سکتے ہیں۔ 4 جون 2018ء کو ڈینش پارلیمنٹ نے شوہر/بیوی کے اکٹھا رہنے کے لیے نئے قوانین منظور کیے۔ آپ اِس پرمٹ کے تحت بچہ گود لے سکتے، کسی بچے کو متبنیٰ بنا سکتے اور پناہ گزینوں کو دعوت دے سکتے ہیں۔

### اہلیت

آپ کو فیملی ری یونین کے قواعد کے تحت ڈنمارک میں رہائشی پرمٹ دیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ رہائشی پرمٹ کے مقاصد مندرجہ ذیل ہوں:

- بچہ گود لینا۔
- رضاعی خاندانی تعلق کے سلسلے میں رہائش، یا
- خاندان کے کسی قریبی فرد کے ساتھ رہائش

ری یونین کی اقسام کے متعلق مزید معلومات نیچے دیے گئے لنک کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں:
https://www.nyidanmark.dk/en-GB/You-want-to-apply/Family/Family-reunification/Adopted-child-etc_,-when-the-person-in-Denmark-is-a-refugee-

### اپلائی کیسے کیا جائے؟

آپ براہ راست ڈینش امیگریشن ویب سائیٹ اور/یا اسلام آباد میں مقامی مشن کے ذریعے اپلائی کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے نیچے دیا گیا لنک استعمال کریں:
http://pakistan.um.dk/en/travel-and-residence/Going-to-Denmark/residence-permits/family-reunification-permit/requirements/

### قیام کا دورانیہ

اگر فیملی ری یونین کے لیے آپ کی درخواست منظور ہو جائے تو ابتدائی طور پر عارضی رہائشی پرمٹ دیا جائے گا جو عموماً ایک سال کا ہوتا ہے۔ اگر آپ اور ڈنمارک میں رہنے والا شخص رہائش کے لیے تقاضوں پر بدستور پورے اُتریں تو پرمٹ کی توسیع کی جا سکتی ہے۔ جب آپ کی عمر 18 سال ہو جائے تو آپ کے لیے نسبتاً نرم تقاضے پورے کر کے ایک مستقل رہائشی پرمٹ حاصل کرنا ممکن ہو جاتا ہے۔

### آپ کیا کر سکتے ہیں

آپ کو ڈنمارک میں رہنے کی اجازت ہو گی اور اپنی درخواست کی کیٹگری کے مطابق مختلف حقوق حاصل ہوں گے۔

## ویزا فیس اور پروسیسنگ کا دورانیہ

رہائشی پرمٹ کے لیے تمام درخواستوں کی فیس براہِ راست ڈینش امیگریشن سروس کو ادا کرنا ہوتی ہے۔ اگر درخواست گزار اپنی درخواست اسلام آباد، لاہور یا کراچی میں Gerry's/VFS ویزا سروس کے ذریعے سے بھیجیں تو 25000 روپے "اپلی کیشن پروسیسنگ فیس" نقد ادا کرنا ہو گی اور Gerry's کے سروس چارجز بھی دینا ہوں گے۔ اگر درخواست ڈنمارک میں ریفرنسز کی جانب سے براہِ راست ڈینش امیگریشن سروس کے ساتھ پروسیس کی جائے اور درخواست گزار صرف بایو میٹرکس کروانے کا خواہش مند ہو تو وہ Gerry's کے ویزا سروس سنٹر میں جا سکتا ہے۔

## تمام درخواست فارموں کا لنک

تمام درخواست فارم اِس لنک کے ذریعے سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں:

http://pakistan.um.dk/en/travel-and-residence/Going-to-Denmark/residence-permits/application-forms/

تازہ ترین فیس اور بایو میٹرک قواعد کے بارے میں معلومات نیچے دی گئی ہیں۔

Fee Strucutre

Biometric Residence Card information

List of documentation for fa